## سوال

(84) بارش کی وجہ سے مغرب عشاء جمع کرنا

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

بعض اوقات ایسا ہوتا ہے کہ بارش کے موقع پر مغرب و عشاء کے درمیان جمع کرتے وقت بعض لوگ کچھ دیر سے اس وقت آتے ہیں جب امام عشاء کی نماز میں ہوتا ہے پھر مغرب کی نماز سمجھ کر وہ جماعت میں شامل ہوجاتے ہیں۔ اب انہیں کیا کرنا چاہیے۔ ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

انہیں چاہیے کہ تیسری رکعت کے بعد بیٹھ جائیں اور تشہد اور دوسری دعائیں پڑھیں اور جب امام سلام پھیرے تو اس کے ساتھ سلام پھیریں۔ پھر اس کے بعد عشاء کی نماز پڑھیں تاکہ نمازوں کی ترتیب جو واجب ہے باقی رہے اور جماعت کی فضیلت حاصل ہوجائے۔

اور اگر ان کی ایک رکعت چھوٹ گئی ہو تو وہ امام کے ساتھ باقی نماز مغرب کی نیت سے پڑھ لیں یہی ان کے لیے مغرب کے قائم مقام ہوجائے گی اگر ایک سے زیادہ رکعتیں چھوٹی ہوئی ہیں تو امام کے ساتھ جتنی ملے وہ پڑھ لیں اور جو چھوٹ گئی ہیں ان کی قضا کرلیں۔

اسی طرح اگر انہیں یہ معلوم بھی ہو کہ امام عشاء کی نماز میں ہے تب بھی وہ علماء کے صحیح ترین قول کے مطابق امام کے ساتھ مغرب کی نیت سے شامل ہوجائیں اور بعد میں عشاء کی نماز پڑھ لیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

ارکانِ اسلام سے متعلق اہم فتاویٰ

**صفحہ:145**